## بلدیہ ٹاؤن میں دہشتگردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے کارکنان رفیع اللہ شہید، دوکارکنان انور حسین اور محمد شہزاد زخمی

کراچی۔۔۔10،اگست 2009ء

بلدیہ ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں نے اندھادھند فائرنگ کرکے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یوٹ 117 کے کارکن رفیع اللہ عرف راجوکوشہید کردیا۔دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے دوکارکنان شہزادااورانور حسین شدید زخمی ہوگئے۔زخمیوں کومقامی اسپتال میں طبی امدادفراہم کی جارہی ہے۔تفصیلات کے مطابق پیر کے روز کے بدنام زمانہ جرائم پیشہ رحمان ڈکیت کا جلوس جنازہ بلدیہ ٹاؤن کے علاقے سے گزررہا تھا۔اس موقع پرجلوس جنازہ میں شریک بعض مسلح دہشت گردوں نے علاقے میں اندھادھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے کارکن رفیع اللہ عرف راجوکوگولیاں لگنے کے باعث موقع پر ہی شہید ہوگئے جبکہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے دوکارکنان محمد شہزادولد محمد ظریف اورانور حسین ولد محمد حسین شدید زخمی ہوگئے۔زخمیوں کوفوری طور پرمقامی اسپتال پہنچایا گیا جہاں ان کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔واضح رہے کہ پیر کے روز ہی فیڈرل بی ایریا میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کی طلباء تنظیم اے پی ایم ایس او کے سابق سیکٹر ممبر فرازاحمد غوری اور جامعہ کراچی یونٹ کے کارکن علی رضا کوفائرنگ کرکے شہید کردیا۔شہر کے مختلف علاقوں میں دہشت گردوں اورایم کیوایم کے کارکنان کی شہادتوں کے واقعات سے کارکنان وعوام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔

## بلدیہ ٹاؤن میں ایم کیوایم کے کارکن رفیع اللہ کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔10،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاک کالونی اور بلدیہ ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن یونٹ 117 کے کارکن رفیع اللہ سمیت متعددافراد کی شہادت اوردوکارکنان محمد شہزاداورانور حسین کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے رفیع اللہ شہید سمیت جاں بحق ہونے والے دیگر افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے سوگوارلواحقین سے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)انہوں نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان ودیگر افراد کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## پاک کالونی اور بلدیہ ٹاؤن میں مسلح دہشتگردی کے واقعات کا نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی
## دہشتگردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے کارکنان سمیت دیگر افراد کے شہیدوزخمی ہونے کے واقعات پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔10،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بلدیہ ٹاؤن اور پاک کالونی کے مختلف علاقوں میں مسلح دہشتگردوں کی جانب سے اندھادھند فائرنگ اوراسکے نتیجے میں ایم کیوایم کے کارکن رفیع اللہ سمیت متعددافرادکو ہلاک وزخمی کرنے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پیر کے روز لیاری کے بدنام زمانہ جرائم پیشہ رحمان ڈکیت کے جلوس جنازے میں شامل مسلح دہشتگردوں نے پاک کالونی اور بلدیہ ٹاؤن کے علاقوں میں اندھادھند فائرنگ کرکے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن یونٹ 117 کے کارکن رفیع اللہ عرف راجوسمیت متعددافرادکوشہید کردیا جبکہ دہشتگردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن کے دوکارکنان محمد شہزادولد محمد ظریف اورانور حسین ولد محمد حسین سمیت متعدد افراد شدید زخمی ہوگئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بلدیہ ٹاؤن اور پاک کالونی میں مسلح دہشتگردوں اورایم کیوایم کے کارکنان وہمدردوں سمیت متعددافرادکوشہید وزخمی کرنے کے واقعات ایم کیوایم کے پرامن کارکنان کومشتعل کرنے اورشہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جوعناصر شہر کا امن خراب کرنے کیلئے بے گناہ شہریوں کواپنی دہشتگردی کا نشانہ بنارہے ہیں وہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان کوتلقین کی وہ دہشتگردی اورقتل وغارتگری کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدرآصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی،گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ پاک کالونی اور بلدیہ ٹاؤن میں دہشتگردی کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اوراسکے ذمہ دارعناصر کوگرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے دہشتگردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے ایم کیوایم کے کارکن رفیع اللہ سمیت تمام شہداء کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اورزخمیوں کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## فیڈرل بی ایریا میں مسلح دہشت گردوں نے اے پی ایم ایس او کے کارکنان فراز احمد غوری اور علی رضا کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا

کراچی۔۔۔10، اگست 2009ء

فیڈرل بی ایریا میں مسلح دہشتگردوں نے اے پی ایم ایس او کے دوجواں سال کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید (انا للہ وانا الیہ راجعون) ۔تفصیلات کے مطابق پیر کے روز ایم کیو ایم کی طلباء تنظیم آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے سابق سیکٹر ممبر فراز احمد غوری ولد رئیس احمد غوری اور اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی یونٹ کے کارکن علی رضا فیڈرل بی ایریا میں واقع سنگم گراؤنڈ سے متصل پارک باغ علی میں بیٹھے ہوئے تھے اس دوران موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشتگردوں نے انہیں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا اور ان کے سروں پر گولیاں ماریں۔دہشتگردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں فراز احمد اور علی رضا موقع پر ہی شہید ہو گئے جبکہ مسلح دہشتگرد موٹر سائیکلوں پر فرار ہو گئے۔شہداء کی لاشوں کو عباسی شہید اسپتال پہنچا دیا گیا ہے۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، حق پرست رکن سندھ اسمبلی انور عالم، گلبرگ ٹاؤن کے ناظم کمال ملک، ایم کیو ایم کے ذمہ داران اور کارکنان جائے وقوعہ اور عباسی شہید اسپتال پہنچ گئے۔اس موقع پر انتہائی رقت انگیز مناظر دیکھنے میں آئے۔اے پی ایم ایس او کے کارکنان اپنے ساتھیوں کی شہادت پر شدت غم سے نڈھال تھے اور پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے شدت غم سے نڈھال کارکنان کو دلاسہ دیا اور انہیں صبر کی تلقین کی ۔واضح رہے کہ گزشتہ سات ماہ میں ایم کیو ایم کے 50 سے زائد کارکنان، منتخب بلدیاتی نمائندوں اور ہمدردوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا جا چکا ہے۔

## اے پی ایم ایس او کے کارکنان فراز احمد غوری اور علی رضا کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اے پی ایم ایس او کے سابق سیکٹر ممبر فراز احمد غوری اور اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی یونٹ کے کارکن علی رضا کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہداء کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او کے دوجوان سال کارکنان فراز احمد غوری اور علی رضا کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں فیڈرل بی ایریا میں اے پی ایم ایس کے دوجوان سال کارکنان فراز احمد غوری اور علی رضا کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ دوہرے قتل میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم کی طلباء تنظیم کے بے گناہ کارکنان کی دن دیہاڑے ٹارگٹ کلنگ کے مسلسل واقعات شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے اور جو عناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کر رہے ہیں وہ انسانیت اور جمہوریت کے کھلے دشمن ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اب تک ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ایم کیو ایم کے 50 سے زائد کارکنان، منتخب بلدیاتی نمائندوں اور ہمدردوں کو بیدردی سے شہید کیا جا چکا ہے جن کے قاتل آج بھی قانون کی گرفت سے محفوظ ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کارکنان کو تلقین کی کہ وہ قتل و غارتگری کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر امن و امان تباہ کرنے کی تمام سازشوں کو ناکام بنا دیں۔رابطہ کمیٹی نے فراز احمد غوری شہید اور علی رضا شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان فراز غوری اور علی رضا کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## پاکستان میں معاشی استحکام اورخوشحالی اسی وقت آئے گی جب ملک کو چوروں، ڈاکوؤں اورلٹیروں سے نجات مل جائے گی، الطاف حسین

## پاکستان صرف جاگیرداروں، وڈیروں اورسرداروں کے چندخاندانوں کانہیں بلکہ تمام پاکستانیوں کا ہے

## آسمان سے فرشتے زمین پراترکرغریب ہاریوں، کسانوں، مزدوروں اورمتوسط طبقہ کےعوام کی حالت نہیں بدلیں گے

## پنجاب کے بغیرملک میں انقلاب نہیں آسکتا، پنجاب کےلوگوں کوملک میں انقلاب کیلئے آگے آنا ہوگا

## لاہورمیں ایم کیوایم پنجاب کے 37 اضلاع کےعہدیداروں کےاجلاس سے ٹیلی فون پرخطاب

لاہور۔۔۔10اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان میں معاشی استحکام اورخوشحالی اسی وقت آئے گی اور ملک کے ہاریوں، کسانوں، مزدوروں اورغریب ومتوسط طبقہ کے حالات اسی وقت بہتر ہوں گے جب پاکستان کو چوروں، ڈاکوؤں اورلٹیروں سے نجات مل جائے گی۔انہوں نے یہ بات لاہورمیں اسلام آباد سمیت پنجاب کے 37 اضلاع کے عہدیداروں کے اجلاس سے ٹیلی فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان علی حسین چوہدری، توصیف خانزادہ، ارکان قومی اسمبلی عبدالقادرخانزادہ، خواجہ سہیل، آزادکشمیر کے وزیر برائے امورنوجوانان محمد طاہرکھوکھر اورایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے ۔اجلاس سے اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا فلسفہ حقیقت پسندی اورعملیت پسندی ہے، ایم کیوایم کا بنیادی نظریہ یہ ہے کہ پاکستان صرف جاگیرداروں، وڈیروں اورسرداروں کے چندخاندانوں کانہیں بلکہ تمام پاکستانیوں کا ہے، صرف جاگیرداروں، وڈیروں اورسرداروں کے چندخاندانوں کوہی یہ حق نہیں کہ وہ نسل درنسل ملک پرحکمرانی کریں، غریب ہاریوں، کسانوں، محنت کشوں اورمتوسط طبقہ کےعوام کوبھی یہ حق ہے کہ وہ اپنی صفوں سے قیادتیں نکال کرایوانوں میں بھیجیں، کسی کے ساتھ کسی بھی بنیاد پرامتیاز نہ کیاجائے اورتمام پاکستانیوں کوزندگی کے تمام شعبوں میں ہرقسم کے امتیاز کے بغیر مساوی حقوق دیئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ سے جنم لیااوراس کی صفوں میں کوئی جاگیردار، وڈیرہ یاسرمایہ دارشامل نہیں۔پاکستان میں موروثی اورخاندانی سیاست کا کلچررائج ہےاور ہرجماعت کسی نہ کسی خاندان کے نام سے پہچانی جاتی ہے، ہرجماعت میں ایک خاندان کاایک فردایم این اے، ایک ایم پی اےاورکوئی وزیرہے۔الطاف حسین نے اس موروثی سیاست کی روایت کو توڑا، الطاف حسین نے آج تک الیکشن نہیں لڑااورالطاف حسین کا کوئی بھائی، بہن یابھانجہ بھتیجا بھی آج تک اسمبلی کاممبرتوکجاکونسلرتک نہ بنا۔الطاف حسین نے 120 گز کے مکان سےتحریک کا آغاز کیا، ایم کیوایم کے کارکنان میئر، ڈپٹی میئرز، ایم این ایز، ایم پی ایز، سینیٹرزاوروزیربنتے رہےلیکن الطاف حسین کا آج تک نہ تواسلام آباد یامری میں کوئی گھرہے اورنہ لاہورمیں۔ایسے کرپٹ پولیٹیکل کلچرمیں الطاف حسین کوکون پسندکرےگا، 62سالوں سے پاکستان کولوٹنے والے ایم کیوایم کوکس طرح برداشت کرسکتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے پنجاب کے تمام ضلعی عہدیداران سے کہا کہ اگرآپ یہ سمجھتے ہیں کہ آسمان سےفرشتے زمین پراترکرپاکستان میں غریب ہاریوں، کسانوں، مزدوروں اورمتوسط طبقہ کےعوام کی حالت بدلیں گےتوایسانہیں ہے، دنیامیں کبھی بھی کسی بھی خطہ میں فرشتے انقلاب نہیں لایاکرتے بلکہ محروم لوگوں کواپنے حقوق کیلئے خودہی جدوجہدکرناپڑتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب آبادی کےلحاظ سےسب سے بڑاصوبہ ہےاورپنجاب کے بغیرملک میں انقلاب نہیں آسکتااسلئے پنجاب کےلوگوں کوملک میں انقلاب اوراپنےحقوق کےحصول کیلئے آگےآناہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں معاشی استحکام اورخوشحالی اسی وقت آئے گی اورملک کے ہاریوں، کسانوں، مزدوروں اورغریب ومتوسط طبقہ کے حالات اسی وقت بہترہوں گے جب پاکستان کوچوروں، ڈاکوؤں اورلٹیروں سے نجات مل جائے گی۔اس موقع پرجناب الطاف حسین نے پنجاب میں تنظیمی کام کومزیدمنظّم اوربہتربنانے کے سلسلے میں تمام اضلاع کے ذمہ داروں سےتجاویزبھی لیں۔اس موقع پرفیصلہ کیاگیاکہ جلدہی ایم کیوایم پنجاب کے کارکنوں کاکنونشن منعقدکیاجائےگا۔ایم کیوایم کےضلعی عہدیداروں نے جناب الطاف حسین کومختلف مسائل سے بھی آگاہ کیا، جناب الطاف حسین نے ان مسائل کے فوری حل کیلئے رابطہ کمیٹی کوموقع پرہی ہدایات جاری کیں۔جناب الطاف حسین نے تمام نامساعدحالات کے باوجودثابت قدمی سے کام کرنےپرایم کیوایم پنجاب کے تمام ضلعی عہدیداروں، کمیٹیوں کے ارکان اورتمام کارکنوں، ماؤں، بہنوں اوربزرگوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کے کارکنان جمعہ خان، محمد قاسم اور رغبت کاظمی علالت کے باعث انتقال کرگئے، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔10، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-112 کے بزرگ کارکن جمعہ خان، ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن محمد قاسم اور ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر F یونٹ 14B کے کارکن رغبت کاظمی علالت کے باعث انتقال کرگئے۔تفصیلات کے مطابق بزرگ کارکن جمعہ خان ٹی بی کے موذی مرض میں مبتلا تھے، محمد قاسم انتہائی علالت کے باعث مقامی اسپتال میں وینٹی لیٹر پر اور رغبت کاظمی شدید علیل تھے گزشتہ روز ان کی طبیعت زیادہ بگڑ گئی وہ تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور انتقال کرگئے۔ بزرگ کارکن جمعہ خان کی عمر 80 سال تھی ان کے سوگواران میں 6 بیٹیاں اور ایک بیٹا شامل ہیں۔ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن محمد قاسم کی عمر 30 سال تھی اور ان کے سوگواران میں والدین، 3 بھائی اور ایک بہن شامل ہیں اسی طرح ایم کیوایم حیدرآباد زون یونٹ 14B کے کارکن رغبت کاظمی کی عمر 65 سال تھی اور انہوں نے اپنے سوگواران میں بیوہ اور 2 بیٹیاں چھوڑی ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنان جمعہ خان، محمد قاسم اور رغبت کاظمی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کارکنان جمعہ خان، محمد قاسم اور رغبت کاظمی کے علالت کے باعث انتقال کرنے جانے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت سرجانی ٹاؤن اور گلشن اقبال میں طبی اور بلڈ کیمپوں کا انعقاد کیا گیا

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی اور ٹاؤن ناظم نے دورہ کرکے طبی سہولیات کا جائزہ لیا

کراچی۔۔۔10، اگست 2009ء

خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں پندرہ روزہ طبی وبلڈ ڈونیشن کیمپوں کے انعقاد کے سلسلے میں گزشتہ روز گلشن اقبال اور سرجانی ٹاؤن میں مفت طبی وبلڈ ڈونیشن کیمپوں کا انعقاد کیا گیا جن پر مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے او پی ڈی میں مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں اس دوران سینکڑوں افراد نے ایم کیوایم کے بلڈ کیمپوں پر پہنچ کر اپنے خون کے عطیات بھی دیئے۔طبی کیمپوں پر نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کا زبردست رش دکھائی دیا اور طبی کیمپ صبح نو بجے سے شام 6 بجے تک بغیر کسی وقفے کے جاری رہے اس دوران مجموعی طور پر 3186 مریضوں نے طبی سہولیات سے استفادہ کیا۔دریں حق پرست رکن سندھ اسمبلی عادل خان نے سرجانی اور حق پرست ٹاؤن ناظم واسع جلیل نے گلشن اقبال میں لگائے گئے طبی وبلڈ اور کیمپوں کا دورہ کیا اور طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے طبی کیمپوں سے استفادہ کرنے والے افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی صحت مند معاشرے کے قیام کیلئے سرگرداں ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں طبی وبلڈ ڈونیشن کیمپوں کا انعقاد اسی سلسلے کی کڑی ہے۔اس دوران طبی سہولیات سے استفادہ کرنے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ شاہ مردان آباد کے یونٹ انچارج علی حسن کے والد حاجی محمد رفیق، ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈو آدم A-2 کے کارکن سید افتخار حسین کے والد سید اقبال حسین، ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکن نفیس کی والدہ محترمہ طاہرہ بیگم اور ایم کیوایم حیدرآباد زون یونٹ A-12 کے کارکن زبیر بلوچ کے والد مولوی عبدالمالک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆